اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# "یاالله! مساجد و مدارس کی خدمت کرنے کی توفیق دے"

## کے 36حروف کی نسبت سے"مجلس خُدّامُ المساجِدوالمدارس " کے 36مدنی پھول

**مسجد بنانے کے بارے میں 5 فرامینِ مصطفٰے** صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ❀ **(1)** جواللّٰہ پاک کی خوشنودی چاہتے ہوئے مسجد بنائے گا اللہ پاک اس کے لیے جنت میں ایک گھر بنائے گا۔ (صحیح بخاری شریف، کتاب الصلوۃ، باب من بنی مسجدا ، رقم ۴۵۰، ج ۱، ص ۱۷۱) **(2)** جو حلال مال سے مسجد بنائے گا، اللہ پاک اس کے لیے جنت میں موتی اور یاقوت کا گھر بنائے گا۔ (طبرانی اوسط ۵۰۵۹، ج ۴، ص ۱۷) **(3)** جو مسجد بنوائے خواہ چھوٹی ہو یا بڑی، اللہ پاک اس کے لیے جنت میں ایک گھر بنائے گا'' (سنن ترمذی، ابواب الصلوۃ، باب ما جاء فی فضل بنیان المساجد، رقم ۳۱۹، ج ۱، ص ۳۴۳) **(4)** جس نے اللہ پاک کے لئے تھوڑے رقبے پر بھی مسجد بنائی تو اللہ پاک اس کے لیے جنت میں ایک گھر بنائے گا'' (صحیح ابن حبان، کتاب الصلوٰۃ، باب المساجد، رقم ۱۶۰۸، ج ۳، ص ۲۹) **(5)** حضرت سیّدنا بشر بن حیّان رَضِیَ اللہُ عَنْہُ فرماتے ہیں ہم ایک مسجد بنا رہے تھے کہ حضرت سیّدنا واثلہ بن اسقع رَضِیَ اللہُ عَنْہُ ہمارے پاس تشریف لائے اور سلام کیا، پھر فرمایا کہ میں نے سرورِ کونین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ '' جو لوگوں کے نماز پڑھنے کے لیے مسجد بنائے گا، اللہ پاک اس کے لیے جنت میں اس سے بہتر گھر بنائے گا'' (مسند احمد، مسند المکین، حدیث واثلہ بن الاسقع، رقم ۱۶۰۰۵، ج ۵، ص ۴۱۹)

**فرمان امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتھم العالیہ : مسلمان اور مسجد کا چولی دامن ساتھ (یعنی گہرا تعلق) ہے، خوش نصیب ہے وہ مسلمان جس کی دوڑ مسجد تک ہے''۔ (مدنی مذاکرہ: 1 رمضان المبارک 1441ھ، بعدِ تراویح)

**دعائے امیر اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ: یاربَّ المصطفیٰ! جو کوئی " مجلس خدام المساجد والمدارس " کے ذریعے مسجد بنوائے یا اِس میں کسی طرح بھی حصّہ لے اُس کو جنّت الفردوس میں اپنے محبوب صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے پڑوس میں عالی شان محل عطا فرما۔ آمین بجاہِ النبیّ الامین صلَّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلَّم۔

{ 1 } : **فرمانِ مصطفٰے** صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلَّم ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث: ۵۹۴۲، ج ۶، ص ۱۸۵) اس لیے مجلس کا ہر ذِمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کے عطا کردہ ''72 مدنی انعامات'' میں سے ''مدنی اِنعام نمبر1'' پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ : ''میں اللہ پاک کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلَّم کی خوشنودی، حصولِ **ثواب** اور **اسلام و سُنّیت** کی خدمت کے لیے **دعوتِ اسلامی** کے شعبے '' **مجلس خُدّامُ المساجِدوالمدارس** '' کا مدنی کام، شرعی و تنظیمی طریقہ کار کے مطابق کروں گا اِنْ شَآءَ اللہ۔

{ 2 } : **شعبے کے قِیام کا مقصد**: اِس مجلس کے قیام کا مقصد مدنی مرکز کے دیئے ہوئے مدنی پھولوں کے مطابق عاشقانِ رسول میں نیکی کی دعوت عام کرنا اور مجلس خُدّامُ المساجدوالمدارس کا کام اہداف مقرر کرکے پلیننگ (Planning) کے ساتھ مختلف مقامات پر مساجد ومدارس کے لئے جگہ حاصل کرنا اور ان کی تعمیرات کے لئے کوششیں کرنا ہے۔

{ 3 } ہر سطح کا ذمہ دار ایک تنظیمی نقشہ بنائے جس میں مسجد / جائے نماز کی ضرورت کو واضح کیا جائے جس میں بالخصوص، پلازے، بڑے ہوٹلز، ہاسپٹلز، نئی اور پرانی آبادیاں، فلیٹس/اپارٹمنٹس، نیو کالونیز، گورنمنٹ /پرائیویٹ کالونیز، بائی پاس، کھیل اور تفریح کے مقامات، سکول، کالجز، یونیورسٹیز، تھانے، کچہری، سینٹرل جیل، پٹرول اور سی این جی پمپس، لاری اڈے، بحری و ہوائی اڈے، ریلوے اسٹیشن، بس اسٹاپ، مین شاہراہیں، سبزی منڈی، مویشی منڈی، غلہ منڈی، شادی ہالز، فیکٹریاں وغیرہ عوامی مقامات (PUBLIC PLACES) پر مساجد جائے نماز کی حاجت کو واضح کیا جائے

{ 4 } جہاں مساجد/ جائے نماز کی ضرورت ہے، وہاں مجلسِ خدّامُ المساجدوالمدارس کے ذمہ داران اپنے ڈویژن اور کابینہ کے نگران سے مشاورت کرکے، مجلس اثاثہ جات اور دارالافتاء اہلسنّت سے شرعی رہنمائی کے ساتھ جگہ (Plot) کے حصول کی کوشش کریں/سب سے پہلے مخصوص یعنی فلاحی، رفاعی اور مذہبی مقاصد کے لئے چھوڑے جانے والے پلاٹس (Plots) کی ترکیب بنائیں بصورتِ دیگر صاحبِ ثروت (مالدار) اہلِ محبت کو ترغیب دِلا کر مسجد/مدرسہ کے لئے جگہ وقف کروائیں اور دعوتِ اسلامی کو انتظامی اُمور کا متولی بنوائیں۔

{ 5 } مساجد کی تعمیرات اور دیکھ بھال کے لئے مقامی ذمہ داران اور شخصیات کو مجلس میں شامل کیا جائے بہتر یہ ہے کہ تین رکنی مجلس میں ''علاقائی مشاورت کے نگران یا حلقہ مشاورت کے نگران یا ذیلی مشاورت کے نگران'' کو شامل کیا جائے اور جگہ کے حصول کے وقت ہی انہیں مسجد/مدرسہ/جامعہ کی خدمت کے فضائل سنا کر اس خدمت پر راضی کیا جائے۔

{ 6 } جب کوئی شخص مسجد/مدرسہ کے لئے جگہ دینے پر آمادگی کا اظہار کرے تو مجلس خدام المساجد والمدارس کے ذمہ دار اس شخص سے جگہ کی قانونی حیثیت کے ڈاکومنٹس (Documents) مثلاً فرد ملکیت وغیرہ، واقف (جگہ وقف کرنے والے) کے شناختی کارڈ کی کاپی اور فون نمبر لے کر نگرانِ کابینہ کے اجازت نامہ (تحریری ہو / بذریعہ واٹس ایپ / میسج/کال وغیرہ) کے ساتھ مجلس اثاثہ جات کو پیش کردے جس پر یہ مجلس شرعی رہنمائی مکمل کرے گی۔

{7} مجلس خُدّامُ المساجد والمدارس کے تمام اسلامی بھائی وقف کے احکام اور مسجد کے بارے میں شرعی احکام سیکھیں، اس کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتب ورسائل کا مطالعہ مفید ہے مثلاً: ☆ چندے کے بارے میں سوال جواب ☆ فیضانِ سنّت سے معتکف اور احترامِ مسجد ☆ بہارِ شریعت حصہ 10 جلد دوم سے وقف، حصہ 19 جلد سوم سے وصیت اور حصہ 20 جلد سوم سے وراثت کا بیان (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی) اور فتاوٰی رضویہ جلد 16 سے کتاب الوقف نیز ''دارالافتاء اہلسنّت'' سے ضرور تاً شرعی رہنمائی بھی لیتے رہیں۔

{8} مجلس خدام المساجد والمدارس کے تحت زون اور ریجن سطح پر اِن اُمور کی 5 رُکنی مجلس بنائی جائے ۔ (۱) رکنِ زون مجلس خدام المساجد والمدارس (5 رکنی مجلس کے نگران) (۲) رکنِ مجلس مسجد بناؤ تحریک ذِمہ دار (۳) رکنِ مجلس نیو سوسائٹیز (کالونی وغیرہ بھی اس میں داخل ہیں) (۴) رکن مجلس برائے شخصیات (۵) پراپرٹی ڈیلر۔ نگرانِ مجلس (رکنِ زون) کے علاوہ ہر ذمہ دار اپنے 2 معاون بنائے جو ضرور تاً اس کے کام میں مدد کریں۔

{9} ملک تاڈویژن سطح پر صاحبِ ثروت (یعنی مالدار) اسلامی بھائیوں کو اپنی مجلس میں شامل کریں اور پلاٹس کے حصول میں انہیں بھی مشاورت میں شامل رکھیں۔

{10} وقف والی جگہوں کے حصول کے ساتھ ساتھ نئے مقامات پر پلاٹس کی خریداری پر بھی بھرپور توجہ دی جائے اس کے لئے صرف چند مخصوص یا پہلے سے ہی مجلسِ مالیات کی ترکیب میں شخصیات سے ہی رابطہ نہ رکھا جائے بلکہ ایڈ من مجلس (خود کفالت ذِمہ دار) کے ذریعے نئے نئے صاحبِ ثروت (یعنی مالدار) اہلِ محبت کو اُن کے اَعِزّاء واَقْرِباء (مرحومین یا حیات) یا بزرگانِ دین رحمہم اللّٰہ المبین کے ایصالِ ثواب کے لئے مساجد ومدارس بنانے کے لئے تیار کریں۔

{11} شخصیات سے رابطہ کرکے مساجد ومدارس کی جگہ کی خریداری اور تعمیرات کی مد میں مدنی عطیات جمع کیجیے اور نئے پلاٹس (Plots) کی خریداری کے لئے جگہ کا معائنہ (Site Survey) کرتے وقت اگر شخصیات کو بھی ساتھ لے لیں گے تو بہتر مدنی نتائج برآمد ہونے کی قوی اُمید ہے۔

{12} مجلس خدام المساجد والمدارس" مسجد کی جگہ کی خریداری میں طے شدہ طریقِ کار کے مطابق 12 فیصد تک تعاون کرے گی (جو کہ زون کے ریزرو فنڈ سے پیش کئے جائیں گے) البتہ پہلے سے موجود مسجد کی جگہ میں مزید توسیع کے لئے مجلس خدام المساجد والمدارس کسی قسم کی کوئی مدد نہیں کرے گی۔

{13} نیو سوسائٹیز/نئے ٹاؤنز/کالونیز وغیرہ میں مساجد کے لئے مختص جگہوں (Plots) کے حصول کے لئے متعلقہ ذمہ دار سے مسلسل رابطہ رکھئے، مکمل معلومات حاصل کیجئے اور پوچھ گچھ (Follow Up) کا سلسلہ بھی جاری رکھئے۔

{14} نیو سوسائٹیز/نئے ٹاؤنز/کالونیز وغیرہ کے مالکان (Owners)، انویسٹرز اور پراپرٹی ڈیلرز میں موجود عاشقانِ رسول کو اپنی مجلس میں شامل کیا جائے اور ان کے ذریعے دیگر تمام سوسائٹیز میں مساجد/جائے نماز ومدارس کی جگہیں حاصل کی جائیں۔

{15} ہر شہر کی سوسائٹیز/کالونیز کی لسٹ تیار کی جائے پھر اس لسٹ کے مطابق جدول بنا کر مالکان (Owners) کے نام نمبر حاصل کرکے ان سے ملاقاتیں کی جائیں، اسی طرح نیو سوسائٹیز میں جا کر روزانہ کی بنیاد پر 7 منٹ آفس درس کا سلسلہ شروع کیا جائے، اِن سوسائٹیز میں جن عاشقانِ رسول نے پلاٹس خریدے ہیں، اُن سے رَوابط بڑھا کر ان میں مدنی کاموں کا سلسلہ شروع کیا جائے (بہتر یہ ہے کہ ہر سوسائٹی پر مقامی نگران کی مدد سے مدنی کاموں کا ایک ذمہ دار مقرر کیا جائے)۔

{16} بائی پاس/مین چوک وغیرہ پر مسجد/ومدرسہ کی ترکیب لازمی کی جائے، اس کے لئے پہلے ان مقامات کی لسٹیں بنالی جائیں تاکہ اہداف کے ساتھ مساجد ومدارس کا قیام ممکن بنایا جاسکے۔

{17} جن خالی پلاٹس پر فوری طور پر مسجد بنانے کا انتظام نہیں ہوسکتا، وہاں پلاٹ خالی چھوڑنے کے بجائے یہاں کی 3 رکنی نائب متولی مجلس کے ذریعے جگہ کی چاردیواری کی ترکیب کرکے تین سے چار نل کا وضو خانہ اور ایک استنجاء خانہ (Washroom) وغیرہ بنا کر نمازوں کا سلسلہ شروع کیا جائے۔

{18} کسی بھی مسجد کے دعوتِ اسلامی کی مجلسِ خدام المساجد والمدارس کے ساتھ الحاق یا کسی مسجد کے لئے مختص جگہ (Plot) لیتے وقت مجلس اثاثہ جات کے ذمہ دار اور دارالافتاء اہلسنّت، خدّامُ المساجد والمدارس ذمہ دار، اور نگرانِ ڈویژن مشاورت/نگرانِ کابینہ سے مشاورت لازمی ہے حتمی فیصلہ دارالافتاء اہلسنّت سے شرعی رہنمائی لینے کے بعد نگرانِ کابینہ فرمائیں گے۔

{19} قانونی معاملات کے لوازمات پورے کرنے کے لئے مجلسِ اثاثہ جات کی خدمات حاصل کریں۔ کاغذات مکمل کروانے کے بعد اصل کاغذات کو اسکین کرکے اس کی سی ڈی محفوظ کرلی جائے اور عالمی مدنی مرکز (فیضانِ مدینہ کراچی) میں مجلسِ اثاثہ جات کے پاس جمع کروائے جائیں اور وصولی کی رسید بھی حاصل کریں۔

{20} یاد رہے کہ حاصل شدہ مساجد ومدارس کی جگہوں اور جملہ اثاثہ جاتِ دعوت اسلامی کی حفاظت کے خالی پلاٹس پر موقع کی مناسبت سے فوری طور پر چار دیواری، باڑ، سائن بورڈ وغیرہ وغیرہ تعمیرات کی مکمل ذمہ داری مجلس اثاثہ جات اور مجلس تعمیرات کی ہے جب کہ ان جگہوں کی تعمیرات کے لئے نقشے بنانا اور علاقے والوں کے ساتھ مل کر اس نقشے کے مطابق تعمیرات مکمل کروانے کی مکمل ذمہ داری مجلس تعمیرات کی ہے البتہ مجلس خدام المساجد والمدارس تعمیرات کے لئے ممکنہ حد تک طے شدہ طریقِ کار کے مطابق مجلس تعمیرات کے ساتھ تعاون کرے گی اور مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کے

لئے جگہ کی فراہمی سے لے کر نظام چلانے تک کی مکمل ذمہ داری مجلس فیضانِ مدینہ کی ہے البتہ دیگر مساجد میں امام کی فراہمی سے لے کر نظام چلانے تک کی مکمل ذمہ داری مجلسِ ائمہ مساجد کی ہے۔

{21} مساجد کے پلاٹس (Plots) کی خریداری کے اخراجات کا آڈِٹ مجلسِ مالیات سے ہر ماہ کروایئے تاکہ کسی قسم کی تنظیمی خامی یا ریکارڈ کی عدم دستیابی کی نشاندہی کو یقینی بنایا جاسکے نیز قانونی معاملات کی دُرستی کے لئے مجلسِ اثاثہ جات سے مربوط رہیں۔

{22} متعلقہ رُکنِ شوریٰ اور نگرانِ مجلس کی اجازت سے وقتاً فوقتاً اپنے تحت اِسلامی بھائیوں کے سُنتوں بھرے اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ پرانے اسلامی بھائیوں کی یاد دہانی اور نئے اسلامی بھائیوں کی مَدَنی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔ ❁ نیز شعبے کے اسلامی بھائیوں میں تنظیمی تربیت کے ساتھ ساتھ فنی (Professional) تربیت کا بھی سلسلہ ہوتے رہنا چاہئے اس کے لئے اپنے شعبہ کے پروفیشنلز سے وقت لیا جائے۔

{23} معمول (Routine) سے ہٹ کر ہونے والے شعبہ جات کے مدنی مشوروں یا عاشقانِ رسول کے سُنّتوں بھرے اِجتماعات کے لیے اوّلاً "اِجازت نامہ" مکمل پُر (Fill) کرکے طے شدہ طریقِ کار کے مطابق متعلقہ ذِمہ دار کو جمع کروانا ہوگا۔ (مزید وضاحت کے لیے "اِجازت نامہ برائے مدنی مشورہ یا ذِمہ داران کا سُنّتوں بھرا اجتماع" کے مدنی پھول بغور ملاحظہ کرلیجئے، یہ اِجازت نامہ پاکستان انتظامی کابینہ دفتر سے حاصل کیا جاسکتا ہے)

{24} ہفتہ وار اجتماعات میں بھی اپنے شعبے کا بستہ لگائیں اور پینا فلیکس کے بینر کے الفاظ یوں ہوں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

**مجلس خُدّامِ المساجِدوالمدارس**

مساجد ومدارس کے لئے چندہ جمع کروانے اور دیگر معلومات حاصل کرنے کے لئے یہاں رابطہ فرمائیں۔

مجلس کا بینر (Panaflex) پرنٹ کرواکر سٹینڈی (Standee) پر لگا کر بستے کے قریب رکھا جائے۔ یاد رہے! یہ سٹینڈی مسجد میں کہیں فِکس (Fix) نہ کی جائے۔ ❁ اس مقام (جہاں بینر لگا ہو) پر مجلس کے ذمہ داران کا ہونا ضروری ہے، بستے پر بیٹھنے والے اِسلامی بھائی مدنی انعامات کے عامل ہونے چاہئیں تاکہ جو بھی ان کے پاس آئے اس کو بھی عمل کا جذبہ ملے، وہ بھی مدنی اِنعامات پر عمل کا ذہن لے کر جائے نیز وہ اسلامی بھائی نہایت مِلنسار، خوش اخلاق، مُسکرا کر گفتگو کرنے والا ہو اور بستے پر آنے والوں پر یکساں توجہ دینے والا ہو۔

## تقرری سے متعلق مدنی پھول

{25} **ذمہ داران کے تقرر/تبدیلی کا طریقِ کار:**

| # | سطح | ذِمہ دار | تقرری/تبدیلی کا طریقۂ کار |
|---|---|---|---|
| 1 | ڈِویژن | ڈِویژن ذِمہ دار | رُکنِ کابینہ، متعلقہ نگرانِ ڈِویژن مشاورت کے مشورے سے فرمائیں گے۔ |
| **توجہ فرمائیں**: ڈِویژن ذِمہ دار کی تبدیلی کے لیے **زون ذِمہ دار کی اِجازت** ضروری ہے۔ | | | |
| 2 | کابینہ | رُکنِ کابینہ | رُکنِ زون، متعلقہ نگرانِ کابینہ کی مشاورت سے فرمائیں گے۔ |
| **توجہ فرمائیں**: رُکنِ کابینہ کی تبدیلی کے لیے **رِیجن ذِمہ دار کی اِجازت** ضروری ہے۔ | | | |
| 3 | زون | رُکنِ زون زون سطح پر 5 رُکنی مجلس خُدّامُ المساجِد والمدارس | **رِیجن ذِمہ دار**، نگرانِ زون کی مشاورت سے فرمائیں گے۔ |
| **توجہ فرمائیں**: رُکنِ زون کی تبدیلی کے لیے **نگرانِ مجلس (پاکستان) کی اِجازت** ضروری ہے۔ | | | |
| 4 | رِیجن | رِیجن ذِمہ دار۔ رِیجن سطح پر 5 رُکنی مجلس خُدّامُ المساجِد والمدارس | نگرانِ مجلس، **رِیجن نگران** کی مشاورت سے فرمائیں گے |
| **توجہ فرمائیں**: **رِیجن ذِمہ دار** کی تبدیلی کے لیے **نگرانِ مجلس** (پاکستان) **اور نگرانِ رِیجن کی اِجازت** ضروری ہے۔ | | | |
| 5 | مُلک | نگرانِ مجلس | **نگرانِ مجلس** کی تقرری یا تبدیلی شعبے کے متعلقہ رکنِ شوریٰ اور **نگرانِ پاکستان اِنتظامی کابینہ** کی باہمی مشاورت سے ہوگی۔ |
| 6 | مرکزی مجلس شوریٰ | رُکنِ شوریٰ | |
| **نوٹ: اِس نِظام میں بیرونِ ملک کے ذِمہ داران، نگرانِ مجلس بیرونِ ملک (رکنِ شوریٰ) کی اجازت سے ضرورتاً تبدیلی کرسکتے ہیں۔** | | | |

❁ تقرر مکمل ہونا شعبہ میں ترقی کا اہم ذریعہ ہے، ایسے اسلامی بھائیوں کا تقرر کیا جائے جو خوفِ خدا و عشقِ مصطفیٰ والا، حُسنِ اَخلاق کا پیکر، غُصیلا اور بات بات پر ناراض ہونے کے بجائے حلم و بُرد باری والا، مُرشد مُرشد کرنے والا، 12 مدنی کام کرنے والا، مدنی مرکز کی اطاعت

کرنے والا، وقت دینے والا، اور فرض علوم سیکھنے والا (مدنی ہو تو کیا بات ہے) ❁ مختلف ممالک میں مُلکی سطح پر مجلس ہو گی، جو رکن شورٰی (نگرانِ مجلس بیرونِ ملک) کے تحت ہو گی۔ (بیرون ملک والے ذمہ داران، متعلقہ رکن شورٰی کی اجازت کے بغیر ذمہ دار نہ بنائیں)

{26} **شعبے کے ذیلی شعبے**: مجلس خدام المساجد والمدارس کے ذیلی شعبے، 1- مجلس نیو سوسائٹی، 2- مسجد بناؤ تحریک

## مدنی مشوروں سے متعلق مدنی پھول

{27} **مدنی مشورں کا نظام**

| # | سطح | دورانیہ | شرکاء | مدنی مشورہ کرنے والے | وقت (عِلاوہ نماز و طعام) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کابینہ | ہر 2 ماہ | اراکینِ کابینہ + نگرانِ ڈویژن مشاورت | نگرانِ زون / نگرانِ کابینہ | 4 سے 5 گھنٹے |
| 2 | کابینہ | ہر 2 ماہ | ڈویژن ذمہ داران | نگرانِ کابینہ / رُکنِ کابینہ | 3 سے 4 گھنٹے |
| 3 | کابینہ | ہر 3 ماہ | اس کابینہ میں شعبے کے ہر سطح کے ذمہ داران کو بُلایا جاسکتا ہے | شعبے کے رُکنِ شوریٰ | 3 گھنٹے |
| 4 | زون | ہر 2 ماہ | اراکینِ زون + نگرانِ کابینہ | نگرانِ ریجن / نگرانِ زون | 6 سے 7 گھنٹے |
| 5 | زون | ہر 2 ماہ | اراکینِ کابینہ | زون نگران / زون ذمہ دار | 4 سے 5 گھنٹے |
| 6 | زون | ہر 4 ماہ | زون ذمہ دار (زون کی 5 رکنی مجلس)، کابینہ ذمہ داران، ڈویژن ذمہ داران | شعبے کے رُکنِ شوریٰ | 3 سے 4 گھنٹے |
| 7 | ریجن | ماہانہ | ہر ریجن ذمہ دار اور زون نگرانوں سے اِنفرادی مدنی مشورہ | ریجن نگران | ہر مدنی مشورہ ڈیڑھ تا 2 گھنٹے |
| 8 | ریجن | ہر 3 ماہ | ریجن ذمہ داران + زون نگران | نگران پاک کابینہ / ریجن نگران | مکمل دن |
| 9 | ریجن | ہر 2 ماہ | زون ذمہ داران | ریجن نگران / ریجن ذمہ دار | 5 سے 6 گھنٹے |
| 10 | ریجن | ہر 6 ماہ | ریجن ذمہ دار (رِیجن کی 5 رکنی مجلس)، زون ذمہ داران (زون کی 5 رکنی مجلس)، کابینہ ذمہ داران | شعبے کے رُکنِ شوریٰ | 4 سے 5 گھنٹے |
| 11 | مُلک | ہر 3 ماہ | ریجن ذمہ داران | متعلقہ رکنِ شوریٰ / نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ / نگرانِ مجلس پاکستان | مکمل دن |

مدنی مشوروں میں پاک کابینہ دفتر سے جاری ہونے والا بیان پڑھ کر سنایا جائے، مدنی مشورے کے 19 مدنی پھولوں کے مطابق مدنی مشورے کی ترکیب کی جائے

{28} **کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں**: ڈِویژن: 3 ❁ کابینہ: 4 ❁ زون: 5 ❁ رِیجن: 6 ❁ مُلک: 7

(حقیقی کارکردگی وہ ہے جس سے اسلامی بھائیوں میں عمل کا جذبہ پیدا ہو اور آخرت کی برکتیں ملیں۔) ❁ ہر ماہ کارکردگی چیک کرنا، سابقہ کارکردگی سے اس کے تقابل کا جائزہ لینے سے شعبہ میں ترقی ہوتی ہے، اپنے نگران وماتحت سے ہر وقت رابطے میں رہیں، کارکردگی پر ان سے مشورہ کرتے رہیں جو جتنا زیادہ رابطے میں رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ ❁ (یاد رہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہوسکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کردیں) ❁ اپنے طور پر کوئی بھی فارم مرتب نہ کریں، کسی فارم کے حوالے سے آپ کی تجاویز و مشورے ہوں تو تحریری طور پر پاکستان انتظامی کابینہ دفتر/ متعلقہ دفتر مجلس بیرونِ مُلک کو ای میل کریں۔

{29} جدول مجلس کی جانب سے ملنے والے پیشگی **جدول (Schedule)** پر پیشگی اِطلاع کے ساتھ عمل کرنا اور کروانا۔ ❁ مہینا مکمل ہونے پر یکم سے 3 تاریخ تک جدول کارکردگی اور اِسی طرح جب بھی جدول میں تبدیلی ہو متعلقہ ذِمہ داران (متعلقہ نِگرانِ مشاورت نگران مجلس اور مجلس جدول) کو بھیجنا۔

{30} شعبے کے متعلق تنظیمی شکایات کو حل کرنا، آنے والی تجاویز پر مشورہ کرنا، ممکنہ صورت میں نافذ کرنا، شعبہ تنظیمی شکایات و تجاویز کی طرف سے موصول ہونے والی تنظیمی شکایات و تجاویز کار پلائی کرنا۔

{31} شعبہ کے تمام ذمہ داران مدنی مشوروں میں طے ہونے والے اہداف کو پورا کرنے کی کوشش فرمائیں۔

# ذمہ داران سے متعلق مدنی پھول

{ 32 } تمام ذِمہ داران اپنے متعلق نیز شعبہ وذمہ داری کے متعلق فرض عُلوم سیکھیں، اس کے لیے **کتبِ امیرِ اہلسنّت، مکتبۃ المدینہ کی کتب دیگر کتب**: فتاویٰ رضویہ جلد 24 صفحہ 311 تا صفحہ 331 اور ہمارا اسلام وغیرہ کا مطالعہ فرمائیں۔

{ 33 } کہا جاتا ہے کہ "شرفاء کے سینے رازوں کے دفینے"، اگر کسی کی کوئی کمزوری معلوم ہو جائے تو اُس کو چھپایا جائے ان شاءاللہ ہمارے عیب بھی چھپائے جائیں گے۔ چنانچہ حضرتِ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آقائے مظلوم، سرورِ معصوم، حسنِ اخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، مَحبوبِ رَبِّ اکبر صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلّم نے فرمایا کہ "جو بندہ دنیا میں کسی بندے کی پردہ پوشی کرے گا اللہ عزوجل قیامت کے دن اس بندے کی پردہ پوشی کرے گا۔" (صحیح مسلم، کتاب البروالصلۃ، باب تحریم الغیبۃ، رقم 2590، ص 1397)

{ 34 } اپنے شعبے کو ٪100 خود کفیل کرنے کے لئے انفرادی ماہانہ و سالانہ اہداف (بالخصوص مدنی مشوروں میں دینا) اور اس کا جائزہ کرتے اور کرواتے رہنا، اور شخصیات سے ملاقات کا جدول بنائیں، حدیثِ پاک میں ہے "تَهَادَوْا تَحَابُّوْا" یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔ (مؤطا امام مالک، ج 2، ص 407، رقم 1731) پر عمل کی نیت سے اختتامِ ملاقات پر شخصیات وغیرہ کو ذاتی طور پر حسبِ استطاعت اور مخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر مکتبۃُ المدینہ کی مطبوعہ کتب و رسائل، ماہنامہ فیضانِ مدینہ، USB اور میموری کارڈز وغیرہ بھی تحفۃً پیش کریں۔

{ 35 } مَدنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مدنی اِنعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں۔ ❁ مدنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شورٰی، زون، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔

{ 36 } کفایت شعاری اپنایئے اور زائد اخراجات کو کم کریں / مالِ وقف کی اشیاء کی حفاظت، فون اور بجلی کے استعمال وغیرہ میں بھی یہ بات ذہن میں رہنی چاہئے کہ ہم مالِ وقف کی اشیاء استعمال کر رہے ہیں / صفائی اور نظم و ضبط بالخصوص وقت کی پابندی اور (دفتر) کی اشیاء کو ترتیب سے رکھنے کی ترکیب کی جائے۔

**نوٹ:** بیرونِ ملک کے ذِمہ داران متعلقہ رکنِ شورٰی کے مشورے واِجازت سے ان مدنی پھولوں میں ترمیم واضافہ کر سکتے ہیں۔ ❁ متعلقہ رکنِ شورٰی ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔

**مرکزی مجلس شورٰی** (دعوت اسلامی)

تاریخ اجراء (اپڈیٹ مدنی پھول) 24 ذوالقعدہ الحرام 1441، 16 جولائی 2020